This question paper contains 4+2 printed pages]

Your Roll No.......................

6431

B.A. (Hons.)/III **E**

URDU—Paper V (*a*)

(Qasida)

Time : 3 Hours *Maximum Marks : 75*

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : کل پانچ سوال حل کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کوئی دو کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے:

(الف)

ہوا جب کفر ثابت، ہے وہ تمغائے مسلمانی

نہ ٹوٹی شیخ سے زنارِ تسبیحِ سلیمانی

P.T.O.

ہنر پیدا کر اوّل، ترک کیجو تب لباس اپنا

نہ ہو جوں تیغ جوہر و گرنہ ننگ عریانی

فراہم زر کا کرنا، باعثِ اندوہِ دل ہووے

نہیں کچھ جمع سے غنچے کو حاصل جز پریشانی

خوشامد کب کریں عالی طبیعت، اہلِ دولت کی

نہ جھاڑے آستینِ کہکشاں، شاہوں کی پیشانی

عروج دست ہمت کو نہیں کچھ قدرِ بیش و کم

سدا خورشید کی جگ پر مساوی ہے زر افشانی

کرے ہے کلفت ایام ضائع قدر مردوں کی

ہوئی جب تیغ زنگ آلود، کم جاتی ہے پہچانی

اکیلا ہو کے رہ دنیا میں گر چاہے بہت جینا

ہوئی ہے فیضِ تنہائی سے عمرِ خضر طولانی

(ب)

واہ وا کیا معتدل ہے باغِ عالم میں ہوا

مثلِ نبضِ صاحب صحت ہے ہر موجِ صبا

بھرتی ہے کیا کیا مسیحائی کا دم بادِ بہار

بن گیا گلزارِ عالم رشکِ صد دار الشفا

ہے گلوں کے حق میں شبنم مرہمِ زخمِ جگر

شاخِ بشکستہ کو ہے باراں کا قطرہ مومیاں

ہو گیا موقوف یہ سودا کا بالکل احتراق

لالہ بے داغِ سیہ پانے لگا نشو ونما

ہو گیا زائل مزاجِ دہر سے یاں تک جنوں

بیدِ مجنوں کا بھی صحرا میں نہیں باقی پتا

ہوتا ہے لطف ہوا سے اس قدر پیدا لہو

برگ میں ہر نخل کے سرخی ہے جوں برگِ حنا

پائی یہ اصلاح صفرا نے کہ دنیا میں کہیں

زر و چشم اب دیکھنے کو بھی نہیں ہے کہربا

(ج)

یادِ ایام عشرت فانی

نہ وہ ہم ہیں نہ وہ تن آسانی

جائیں وحشت میں سوئے صحرا کیوں

کم نہیں اپنے گھر کی ویرانی

خاک میں رشک آسمان سے ملے

ہائے کیسے بلند ایوانی

کر دیا گردش سپہر نے حیف

برجِ خاکی مسیر کیوانی

ایسی وحشت سرا میں آئے کون

بے دری کر رہی ہے دربانی

نکتہ سنجوں سے جی میں ہے پوچھوں

کہ میں شہری ہوں یا بیابانی

کیا ہوئی وہ بلندیٔ دیوار

کیا ہوئے وہ عماد طولانی

۲۔ مرزا محمد رفیع سودا کے قصائد کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۳۔ ذوق کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۴۔ مومن کے قصائد کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۵۔ سودا اور ذوق کی قصیدہ نگاری کا موازنہ کیجئے۔

۶۔ قصیدے میں ''گریز'' کی اہمیت بیان کیجئے۔

۷۔ ایک اچھے قصیدے کی فنی خوبیاں بیان کیجئے۔

۸۔ قصیدے میں بلند خیالی اور شوکت الفاظ کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔